پریس ریلیز

رائے شماری

متفرق

تقریباً ہر 10 میں سے 7 (68%) پاکستانیوں کا یہ خیال ہے کہ مرد حضرات نئی ٹیکنالوجی کو عورتوں کی نسبت زیادہ بہتر سمجھ پاتے ہیں:

(گیلپ &گیلانی پاکستان پول)،

(اسلام آباد)، 03 دسمبر، 2021

گیلپ &گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، تقریباً ہر 10 میں سے 7 (68%) پاکستانیوں کا یہ خیال ہے کہ مرد حضرات نئی ٹیکنالوجی کو عورتوں کی نسبت زیادہ بہتر سمجھ پاتے ہیں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ، **"آپ کے خیال میں کیا مرد حضرات نئی ٹیکنالوجی کو عورتوں کی نسبت زیادہ بہتر سمجھ پاتے ہیں؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 68% جوابدہندگان کے مطابق "ہاں" مرد حضرات نئی ٹیکنالوجی کو عورتوں کی نسبت زیادہ بہتر سمجھ پاتے ہیں، 22% جوابدہندگان کے مطابق "نہیں" مرد حضرات نئی ٹیکنالوجی کو عورتوں کی نسبت زیادہ بہتر نہیں سمجھ پاتے ہیں، جبکہ 10% جوابدہندگان نے معلوم نہیں یا کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

"آپ کے خیال میں کیا مرد حضرات نئی ٹیکنالوجی کو عورتوں کی نسبت زیادہ بہتر سمجھ پاتے ہیں؟"

پاکستان بھر سے



Source: Gallup & Gilani Pakistan
(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

نتائج کے اعتبار سے:

مرد حضرات (68%) کی نسبت زیادہ تر خواتین (70%) یہ محسوس کرتی ہیں کہ مرد حضرات نئی ٹیکنالوجی کو عورتوں کی نسبت زیادہ بہتر سمجھ پاتے ہیں ۔علاقے کے اعتبار سے، اس حوالے سے رائے رکھنے والوں کی شرح دیہی علاقوں میں رہنے والوں (66%) کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والے جوابدہندگان (73%) میں زیادہ پائی گئی۔

نتائج کے اعتبار سے (جنہوں نے مثبت جواب دیا)



Source: Gallup & Gilani Pakistan
(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 552 مرد و خواتین سے 25 اکتوبر 2021 تا 28 اکتوبر 2021 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

Opinion Poll from Gallup Pakistan

The Pakistani Affiliate of Gallup International

GILANI RESEARCH FOUNDATION

Friday, December 03, 2021

(3 Pages, Urdu version only)

Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.

Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.

If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.

Best Regards,
Gallup Pakistan

Disclaimer: *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

celebrating 41 years

of Gallup Pakistan
(1980-2021)